## آرٹیکل 4 ڈائیرکشن (قانون برائے ہدایات) در حقیقت کیا ہے؟

آپ کے مکان میں کی جانے والی کچھ بہتری اور چند معمولی نوعیت کے کاموں جیسا کہ چھوٹے پیمانے پر کی جانے والی کشادگی، گارڈن کی چاردیواری اور دروازوں، کھڑکیوں اور رنگوں میں تبدیلی جیسے کاموں کے لئے عام طور پر کونسل سے کسی قسم کی پلاننگ پرمیشن (اجازت نامہ) لینے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ ایسی بہتری کو "اجازت یافتہ بہتری" کہا جاتا ہے۔ تاہم مخصوص حالات میں اجازت یافتہ بہتریوں کے حقوق واپس بھی لئے جا سکتے ہیں، اور ان حالات میں یہ معمولی نوعیت کی بہتریاں کرنے سے پہلے پلاننگ پرمیشن (اجازت نامہ) لینے کی ضرورت بھی پڑ سکتی ہے۔ کونسل آرٹیکل 4 ڈائیریکشن (قانون برائے ہدایات) بناتے ہوئے کسی بھی کنزرویشن ایریا (تحفظ شدہ علاقہ) میں واقع مکانوں سے اجازت یافتہ بہتری کے حقوق واپس لے سکتی ہے۔

## وائیٹ فیلڈ کے علاقہ کے لئے آرٹیکل 4 ڈائیریکشن (قانون برائے ہدایات) کی ضرورت کیوں ہے؟

وائیٹ فیلڈ کنزرویشن ایریا 2004 میں ڈیزائین کیا گیا۔ 1860 کے عشرے سے لے کر منصوبہ بندی کے تحت ہونے والی آبادکاری کے نتیجے میں پتھر کے بنے ٹیرس مکانوں کے سلسلے کی وجہ سے اپنے خاص تعمیراتی اور تاریخی کردار کے حوالے سے اس علاقہ کی بڑی اہمیت ہے۔ جیسا کہ زیادہ تر مکانات ٹیرس ہیں اس وجہ سے پورے بلاک کی اہمیت کا انحصار ہر ایک مکان کی خاصیت پر ہے۔

ابھی حال ہی میں سینٹ میریز چرچ اور اس کے قرب وجوار کے علاقہ میں مکانوں کی حقیقی مرمت کا کام کیا گیا ہے۔ گروپ ریپئیر اسکیموں نے ہر ایک انفرادی مکان اور پورے بلاک کی شکل وصورت اور معیار کو بہتر بنانے میں اہم کردار ادا کیا ہے۔ گھروں کو روایتی سیش کھڑکیوں، بیرونی دروازوں اور چمنی پاٹس کی مدد سے اپنی اصلی شکل وصورت میں لایا گیا ہے۔ پچھلی طرف واقع احاطوں اور بیرونی دیواروں کی بھی مرمت کی گئی ہے جس کی وجہ سے پچھلی گلیاں صاف ستھری نظر آنے لگی ہیں۔

مکانوں میں کی جانے والی چھوٹی موٹی تبدیلیوں جیسا کہ نئی کھڑکیوں، دروازوں یا جنگلوں کا نئے بحال کردہ تاریخی اور تعمیراتی مفاد پر منفی اثر بھی پڑ سکتا ہے۔ خاص طور پر بہت ساری چھوٹی موٹی تبدیلیں آخرکار کنزرویشن ایریا کے معیار کو ختم کر سکتی ہیں۔ آرٹیکل 4 ڈائیریکشن اجازت یافتہ بہتریوں کے حقوق کو ختم کر دے گا۔ یہ ضروری نہیں کہ اس سے تبدیلیوں کا عمل رُک جائے گا، لیکن اس سے کسی بھی قسم کی مجوزہ تبدیلی کے لئے پہلے پلاننگ پرمیشن (اجازت نامہ) سے اجازت لینے کی ضرورت پڑے گی۔ اس سے یہ بات یقینی بنائی جائے گی کہ مکانوں میں کسی بھی قسم کی تبدیلیوں کو کنٹرول کیا جائے تا کہ وہ علاقہ کو بہتر بنانے میں معاون ثابت ہوں۔ مقصد صرف اور صرف اتنا ہے کہ ایسی تعمیرات کی حوصلہ افزائی کی جائے جس سے کنزرویشن ایریا کے معیار کو بہتر بنانے میں مدد مل سکے۔



## ڈائیریکشن (ہدایات) کس چیز کو کنٹرول کرتی ہیں؟

ڈائیریکشن (ہدایات) کا وائیٹ فیلڈ کنزرویشن ایریا کے مخصوص مکانوں پر اطلاق ہوتا ہے (اس میں شامل مکانوں کی فہرست مالکان / خاندان کے خط میں درج ہے)۔ مالکان کو اب ایسے تمام کاموں کے لئے پلاننگ پرمیشن کی ضرورت پڑے گی جو کہ ایک شاہراہ (سڑکیں، پچھلی گلیاں اور فٹ پاتھ) پانی کا نظام، یا کھلی جگہ کے سامنے ہوں گے اور جہاں کام مندرجہ ذیل فہرست میں شامل ہو۔

- ☆ چھت پر کی جانے والی تبدیلی، بشمول چھت کی چادر، چھت کی لائیٹ اور شمسی پینلز
- ☆ پورچ تعمیر کرنا
- ☆ شیڈ اور عارضی عمارت تعمیر کرنا
- ☆ ٹھوس اسٹینڈز لگانا جیسا کہ کار پارکنگ کی جگہ بنانا
- ☆ سیٹیلائیٹ ڈش یا انٹینا لگانا
- ☆ چمنیوں کو ہٹانا، لگانا یا تبدیل کرنا
- ☆ دیواروں، دروازوں، چاردیواری یا کسی قسم کی باڑ کو ہٹانا، تبدیل کرنا یا بنانا
- ☆ باہر کی جانب واقع کسی غیر پینٹ شدہ جگہ پر پینٹ کرنا یا بیرونی کلر اسکیم میں تبدیلی کرنا
- ☆ دیواروں پر پلستر کرنا
- ☆ کسی بھی قسم کی تجاوز، بہتری یا تبدیلی مثال کے طور پر پھیلاؤ یا کنزرویٹری بنانا
- ☆ دروازوں اور کھڑکیوں میں کسی قسم کی تبدیلی کرنا، بشمول ان کے میٹیریل میں تبدیلی، بناوٹ اور ڈیزائین اور آرائش میں تبدیلی

مندرجہ بالا کسی بھی قسم کے کام کے لئے پلاننگ درخواست بالکل مفت دی جا سکتی ہے۔

## اگر آپ اپنے مکان میں کسی بھی قسم کی تبدیلی کرنا چاہتے ہیں تو آپ کو کیا کرنا ہے؟

اگر آپ کسی قسم کی تبدیلیاں کرنا چاہتے ہیں تو سب سے پہلے آپ نیلسن ٹاؤن ہال میں واقع کونسل کے ڈیولپمنٹ کنٹرول سیکشن سے رابطہ قائم کریں، جو کہ آپ کو پلاننگ پرمیشن کی ضرورت اور درخواست دینے کے بارے مشورہ دیں گے۔

اس مقصد کے لئے ڈیولپمنٹ کنٹرول سیکشن سے اس نمبر پر رابطہ کریں۔ 01282 661333 یا ای میل بھیجیں: planning@pendle.gov.uk

اس بات کو یاد رکھیں کہ کسی بھی قسم کی نامناسب تبدیلی کی صورت میں انفورسمنٹ آرڈر (جبری حکم) جاری کیا جا سکتا ہے جس کے نتیجے میں آپ کو کی جانے والی تبدیلی کو ختم کرنے کا کہا جائے گا۔

آپ کو کسی بھی قسم کی مرمت وغیرہ کے لئے پلاننگ پرمیشن کی ضرورت نہیں ہے لیکن اس بات کا خیال رکھا جائے کہ کیا جانے والا کام پہلے جیسا ہو اور وہی میٹیریل استعمال کیا جائے اور اسی طرح فنش کیا جائے۔ اگر آپ کو اس بارے کسی قسم کا شک ہو تو برائے مہربانی ہدایت کے لئے ڈیویلپمنٹ کنٹرول سیکشن سے رابطہ قائم کریں۔

## آرٹیکل 4 ڈائیریکشن کے فوائد کیا ہیں؟

اس اضافی کنٹرول کی وجہ سے وائیٹ فیلڈ کنزرویشن ایریا کے پُرکشش کردار اور شکل و صورت کو برقرار اور بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اس کے ساتھ ساتھ ایسی حفاظتی ترکیبیں کرنا جس سے علاقہ میں واقع مکانوں کو بچانے، بہتر بنانے اور اُن کی مارکیٹ ویلیو کو بڑھانے میں مدد حاصل ہو۔



## آرٹیکل 4 ڈائیریکشن کے بارے مجھے مزید معلومات کہاں سے مل سکتی ہیں؟

ڈائیریکشن کی کاپی یا متاثر ہونے والے مکانوں کے منصوبے کی کاپی نیلسن ٹاؤن ہال یا کونسل کی ویب سائیٹ پر دیکھی جا سکتی ہے۔ www.pendle.gov.uk

اگر آپ ڈائیریکشن یا کنزرویشن ایریا کے معیار کے بارے کسی قسم کی بات چیت کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی کونسل کے کنزرویشن آفیسر سے اس نمبر پر رابطہ قائم کریں۔ 01282 661788

کونسل آفیسر آپ کو مکان میں کی جانے والی تبدیلیوں کے بارے سب سے مناسب طریقہ بتا سکتا ہے۔

اگر آپ کسی مجوزہ تبدیلی کے بارے بات چیت کرنا چاہتے ہیں تو براہ مہربانی ڈیویلپمنٹ کنٹرول آفیسر سے اس نمبر پر رابطہ قائم کریں 01282 661333 یا اس پتہ پر خط لکھیے:

Development Control

Town Hall


Market Street

Nelson

BB9 7LG

E.mail: planning@pendle.gov.uk

آرٹیکل 4 ڈائیریکشن کے تحت آنے والا علاقہ



# وائیٹ فیلڈ

# کنزرویشن ایریا

# آرٹیکل 4

# ڈائیریکشن



Pendle Borough Council'

Planning department

Town Hall, Market Street,

Nelson Lancashire BB9 7LG